بھارت-عمان اسٹریٹجک مشاورتی گروپ کا 15واں اجلاس

بھارت-عمان اسٹریٹجک مشاورتی گروپ کا 15واں دور7 اکتوبر 2026 کو نئی دہلی میں منعقد ہوا. اجلاس کی مشترکہ صدارت حکومتِ ہند کی وزارتِ خارجہ کی سیکرٹری (CPV & OIA)، محترمہ سری پریا رنگناتھن، اور سلطنتِ عمان کی وزارتِ خارجہ میں سیاسی امور کے انڈر سیکرٹری، عالی جناب شیخ خلیفہ بن علی الحارثی نے کی.

2. اجلاس کے دوران دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں اور جاری اقدامات پر تبادلۂ خیال کیا گیا، جن میں سیاسی اور اسٹریٹجک تعاون، تجارت اور سرمایہ کاری، بھارت-عمان جامع اقتصادی شراکت داری معاہدے پر عمل درآمد، توانائی، دفاع اور بحری تعاون، ڈیجیٹل شعبے میں تعاون، تعلیم، ثقافت اور عوام کے درمیان روابط شامل ہیں.

3. دونوں فریقوں نے علاقائی سلامتی، بحری سلامتی اور آبنائے ہرمز سے متعلق پیش رفت سمیت باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر بھی تبادلۂ خیال کیا.

4. فریقین نے حالیہ برسوں کے دوران دونوں ممالک کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری میں گہرائی آنے کا ذکر کیا اور مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا.

نئی دہلی
اکتوبر 07، 2026